
## سبق 30

# کوئل

تیری رنگت کالی کالی
تیری صورت بھولی بھالی
اُڑنے والی ڈالی ڈالی
بَن میں شور مچانے والی کوئل تیری کُوک نرالی
باغ میں تیری رٹ کُوکُو کی
دیتی ہے اک لطف عجب ہی
سنتا ہے جب کوک کو تیری
خوش ہوتا ہے باغ کا مالی کوئل تیری کُوک نرالی



© NCERT not to be republished



تجھ کو آموں سے رغبت ہے
آم کے باغوں سے اُلفت ہے
کوُکوُ کرنے کی عادت ہے
کوُک سے دل تڑپانے والی کوئل تیری کوُک نرالی
لڑکے تیری کوُک کو سُن کر
نقل تری کرتے ہیں اکثر
تو گاتی ہے اُن سے بہتر
اُن کی کوُک میں ہے نقالی کوئل تیری کوُک نرالی

© NCERT not to be republished

## مشق

### 1. پڑھیے اور سمجھیے:

| | | |
|---|---|---|
| رنگت | : | رنگ |
| بن | : | جنگل |
| کوک | : | کوئل کی آواز |
| نرالی | : | انوکھی |

| | | |
|---|---|---|
| لطف | : | مزا |
| رغبت | : | شوق، لگاوَ |
| الفت | : | محبت |
| نقالی | : | نقل |

## 2. سوچیے اور بتائیے:

1. کوئل کو 'بن میں شور مچانے والی' کیوں کہا گیا ہے؟
2. باغ کا مالی کیوں خوش ہوتا ہے؟
3. کوئل کو کس چیز سے رغبت ہے؟
4. کوئل کی کوُک کو نرالی کیوں کہا گیا ہے؟

## 3. نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو مکمل کیجیے:


1. باغ میں تیری ........................ کوکو کی
2. آم کے باغوں سے .................. ہے
3. تیری ........................ بھولی بھالی
4. بن میں .................. مچانے والی

## 4. نیچے دیے گئے پرندوں کے سامنے ان کی بولی لکھیے:


........................


........................

© NCERT not to be republished

 ........................  ........................

 ........................  ........................

### 5. خوش خط لکھیے :

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رنگت | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| لطف | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| رغبت | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| الفت | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| نقّالی | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |

© NCERT not to be republished

